**خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی**

**دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی**

نمبر: F.18/DDMA/COVID-19/2020/1/126

# حکم نامہ

چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (ڈی ڈی ایم اے) اس امر کا اطمینان کر چکی ہے کہ خطہ قومی راجدھانی دہلی میں کووڈ-19 کی وبا پھیلنے کا خطرہ ہے، جسے عالمی تنظیم صحت پہلے ہی عالمی وبا قرار دے چکی ہے، اور اسے خطہ قومی راجدھانی دہلی میں پھیلنے سے روکنے کے لیے مؤثر اقدامات لینا ضروری سمجھتی ہے؛

اور چونکہ پوری دہلی میں خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی، خود مختار اداروں، کارپوریشنوں اور مقامی اداروں کے افسران / اہل کاروں کو کووڈ ۱۹ کی روک تھام اور لاک ڈاؤن سے متعلق امور کی ذمہ داریاں / فرائض سونپے گئے ہیں؛

نیز چونکہ، مشاہدے میں یہ بات آئی ہے کہ اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے بعض افسران / اہل کار کووڈ۱۹ کی جانچ میں مثبت پائے گئے ہیں اور اس بات کا امکان موجود ہے کہ مزید افسران / اہل کار متاثر ہوں؛

نیز چونکہ حکومت کے لیے ضروری ہے کہ اپنے افسران / اہل کاروں کی بہبود کا خیال رکھے اور صحت کی سہولتوں کو یقینی بنائے؛

لہذا اب، ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ، 2005 کی دفعہ 22 کے تحت تفویض کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، ذیل میں دستخط کنندہ، **شری نکھل کمار، سی ای او (دہلی جل بورڈ)** کو ریاستی نوڈل ویلفیئر افسر مقرر کرتا ہے تاکہ خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی، خود مختار اداروں، کارپوریشنوں اور مقامی اداروں کے کووڈ۱۹ کی جانچ میں مثبت پائے گئے افسران / اہل کاروں کو (بہبود اور مناسب طبی علاج سمیت) تمام ضروری مدد / تعاون کو یقینی بنایا جاسکے۔

ریاستی نوڈل ویلفیئر افسر فوری طور پر ذیل میں دیے گئے امور سمیت تمام ضروری کارروائیاں کرے گا:

a) متاثرہ افسران / اہل کاروں نیز ان کے خاندان کے ارکان سے باقاعدگی سے روزانہ رابطہ رکھنے کے لیے اسٹاف ویلفیئر سیل قائم کرنا تاکہ ان کی صحت کی صورت حال اور ممکنہ مسائل کے بارے میں واقفیت حاصل ہو سکے، نیز جہاں تک ممکن ہو سکے ان کے مسائل کو حل کرنے کے لیے تمام تر کوششیں کرنا۔

b) اسٹاف ویلفیئر سیل کے تحت ایک 24x7 ہیلپ لائن نمبر قائم کرنا نیز مختلف ذرائع اختیار کر کے اسے وسیع تشہیر کے ذریعے تمام افسران / اہل کاروں تک پہنچانا۔

c) متاثرہ افسران / اہل کاروں کو اور ان کے اہل خانہ کے لیے نفسیاتی کونسلنگ، اخلاقی مدد اور تجربات کو ساجھا کرنے کا انتظام کرنا۔

d) اس امر کو یقینی بنانا کہ کووڈ ۱۹ مثبت معاملات کے رابطے میں آنے والے تمام افراد کو پروٹوکول کے مطابق کوارنٹین (قرنطینہ) میں رکھا جائے۔

e) اس امر کو یقینی بنانا کہ متاثرہ ملازم / رکن خاندان کو ضروری اشیا / خدمات / دوائیوں تک رسائی حاصل ہو۔

f) کیش لیس بنیاد پر دہلی میں دو اسپتالوں اور ایک مخصوص جانچ لیبارٹری (جو ڈی جی ای ایچ ایس کے تحت آتی ہو) کو کووڈ ۱۹ سے متاثرہ / مشکوک حکومت دہلی کے افسران / اہل کاروں اور ان کے اہل خانہ کی جانچ اور علاج / اسپتال میں بھرتی کرنے کے لیے شناخت اور مختص کرنا، نیز ایسے اسپتالوں اور لیبارٹریوں کی فہرست خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے تمام محکموں کو سربراہوں / خود مختار اداروں / کارپوریشن / مقامی اداروں کو بھیجنا تاکہ اس سلسلے میں ان کے افسران / اہل کاروں کو باخبر کیا جاسکے۔

g) ایسے تمام افسران / اہل کاروں کی ضلع وار اور محکمہ وار فہرست مرتب کرنا (فالو اپ کارروائیوں سمیت)۔

تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹس کو بھی ہدایت دی جاتی ہے کہ مذکورہ بالا کے مطابق مزید کارروائی کے لیے، اپنے اپنے ضلعوں میں کووڈ ۱۹ کی جانچ میں مثبت پائے گئے تمام افسران / اہل کاروں کی تفصیل روزانہ کی بنیاد پر ریاستی نوڈل ویلفیئر افسر کو فراہم کریں۔

(وجے دیو)
چیف سیکرٹری، دہلی

بخدمت:

1. شری نکھل کمار، سی ای او، دہلی جل بورڈ
2. تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹس، دہلی

نقل برائے اطلاع، بخدمت:

1. پرنسپل سیکرٹری، عزت مآب لیفٹننٹ گورنر، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
2. ایڈیشنل سیکرٹری، عزت مآب وزیر اعلی، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
3. سیکرٹری، عزت مآب نائب وزیر اعلی، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
4. سیکرٹری، عزت مآب وزیر صحت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
5. سیکرٹری، عزت مآب وزیر محنت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
6. سیکرٹری، عزت مآب وزیر ریونیو، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
7. سیکرٹری، عزت مآب وزیر سماجی بہبود، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
8. سیکرٹری، عزت مآب وزیر ایف اینڈ ایس، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
9. تمام ایڈیشنل چیف سیکرٹریز / پرنسپل سیکرٹریز / سیکرٹریز / سربراہان محکمہ جات، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
10. پرنسپل سیکرٹری (صحت)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
11. پرنسپل سیکرٹری (ڈی آئی پی)، وسیع تشہیر کے لیے

12. تمام اراکین اسٹیٹ ایگزیکیوٹو کمیٹی، ڈی ڈی ایم اے، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
13. چیئرمین، نئی دہلی میونسپل کاؤنسل
14. کمشنر (ساوتھ ڈی ایم سی / ایسٹ ڈی ایم سی / نارتھ ڈی ایم سی)
15. سی ای او، دہلی کینٹونمنٹ بورڈ
16. سسٹم انالسٹ، دفتر ڈویژنل کمشنر، دہلی، دہلی سرکار کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کرنے کے لیے
17. گارڈ فائل